ہوئی باتوں میں کمی بیشی نہ کروں گا۔ میں آپؐ کا دین قبول کر چکا ہوں، میں اپنی قوم کا قاصد ہوں میرا نام ضمام بن ثعلبہ ہے۔''(۴۷)

آپؐ کے حسن اخلاق، سیرت و کردار اور قبائل عرب کے ساتھ حکمت بھری دعوت کا نتیجہ یہ نکلا کہ جب یہ وفود اپنے اپنے قبائل میں واپس پہنچے تو انہوں نے ماہِ تاباں سرورکائنات ﷺ کی ایک ایک ادا اور آپؐ کا ہر ہر عمل جو انہوں نے مشاہدہ کیا اور جس کی آپؐ نے ان کو تلقین فرمائی، اسی طریقے کے مطابق اپنے قبائل میں اس کو پہنچایا۔ اپنی اولاد، خاندان اور پورے قبیلے میں اس دعوت حق کو عام کیا۔ اس طرح بڑے قلیل وقت میں پورا عرب ایمان کی دولت سے منور ہوگیا۔

## حواشی

۱۔ مؤرخین اور سیرت نگار حضرات نے وفود کی تعداد میں اختلاف کیا ہے، کم از کم ۱۵ اور زیادہ سے زیادہ ۱۴۰ کی تعداد کا ذکر ملتا ہے۔ اس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

ابن ہشام (م ۲۱۳ھ) السیرۃ النبویۃ ۴/۲۲۱ میں ۲۱ وفود کا تذکرہ ہوا ہے۔ ابن سعد (م ۲۳۰ھ) الطبقات الکبریٰ ۱/۲۲۹ ۔ مطبوعہ بیروت ۱۹۴۰ میں ۷۲ وفود کی تفصیل درج ہے۔

طبری (م ۳۱۰ھ) تاریخ الامم والرسل والملوک ، میں ۳۴ وفود کا ذکر ہوا ہے۔

ابن کثیر، ( ت ۷۷۴م) نے السیرۃ النبویۃ، میں ۱۷ وفود کے حالات قلمبند کیے ہیں۔ دیگر سیرت نگاروں میں ابن سید الناس ( ت ۷۳۴ھ) نے ۲۹ ، علامہ حلبی ( ت ۱۰۴۴ھ) نے ۳۵ ، یعقوبی نے ۳۳، بیہقی ( م ۴۵۸ھ) ۲۸، ابن اثیر نے ۳۱، علامہ قسطلانی نے ۳۵ وفود کا ذکر کیا ہے۔

امام محمد بن یوسف الصالحی الشامی ( ت ۔ ۹۴۲ھ) نے سبل الھدیٰ و الرشاد'' میں ۱۰۰ سے زائد وفود کی تفصیل بیان کی ہے۔ ایک عرب محقق جنہوں نے، ''الوفود علی النبی ﷺ'' پر تحقیقی مقالہ لکھا ہے۔ انہوں نے ایک سو چالیس وفود کا ذکر کیا ہے۔ جو بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: عبد العزیز بن محمد بن عبد اللہ ، الوفود علی النبی ﷺ ، مقالہ برائے پی۔ایچ ڈی (غیر مطبوعہ ) لائبریری، شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی، لاہور ۔

۲۔ اردو ادب سیرت میں ، علامہ شبلی نعمانیؒ نے سیرت النبیؐ ۲ /۲۷ میں پندرہ وفود کا ذکر کیا ہے۔قاضی سلیمان سلمان منصور پوریؒ نے رحمۃ اللعالمینؐ ۱/۱۵۷میں ۲۵ وفود کا ذکر کیا ہے۔

مولانا محمد ادریس کاندھلوی نے سیرت المصطفیؐ ۲/۱۹۵ میں ۳۵ وفود کی تفصیلات بیان کی ہیں۔

پیر محمد کرم شاہ الازہریؒ نے ( متوفیٰ 1998) نے ضیا النبیؐ میں ۲۷وفود کا ذکر کیا ہے۔مشہور سیرت نگار جناب طالب ہاشمی نے اپنی کتاب ''وفود عرب بارگاہِ نبویؐ میں'' میں ۱۱۰ وفود کی تفصیل بیان کی ہے، اور اس کے ساتھ قبائل عرب کا تعارف بھی دیا ہے۔

۳۔ تفصیل کے لیے دیکھیے۔ عمری ، جلال الدین ، مولانا ، عرب کے وفود ۔ دربار رسالت میں ( یہ وفود تبلیغ دین کا ذریعہ تھے' سہ ماہی تحقیقات اسلامی ( علی گڑھ ) جلد ۷۔ شمارہ۔ا(۱۹۸۸) ص ۵ تا ۱۶

۴۔ مولانا سیّد جلال الدین عمری نے دس کے قریب وفود عرب کی تفصیل بیان کی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ قبائل واپسی پر اپنے اہل و عیال اور عوام الناس کو دین کی دعوت دیتے رہتے تھے' اور بعض وفود کے مطالعہ سے یہ بات پایہ اثبات تک پہنچ چکی ہے کہ آپؐ وفود عرب کو تاکید کرتے تھے کہ وہ اپنے بعد والوں کو دین کی باتیں پہنچائیں امام بخاریؒ نے باقاعدہ ایک جگہ یہی باب قائم کیا ہے ۔ فرماتے ہیں۔ وصاۃ النبی ﷺ وفود العرب ان یبلغوا من ورائھم بخاری ، کتاب التمنی ، باب وصاۃ النبی ﷺ وفود العرب ان یبلغوا من ورائھم (رقم ۶۸۳۸)

عنقریب ایک مقالہ میں ہم ان سب قبائل کی تفصیل اس انداز میں بتائیں کہ کس قبیلہ میں کس صحابی اور وفد کے رکن کو آپؐ نے مبلغ نامزد فرمایا ' اور اس کی کوششیں کس قدر باآور ثابت ہوئیں۔

علامہ یعقوبی واحد مؤرخ ہیں جنہوں نے صراحت کے ساتھ وفد کے قائد سردار یا رئیس کا نام ذکر کیا ہے ،تفصیل کے لیے دیکھیے ۔ تاریخ یعقوبی ج ۲، ص۷۹

۵۔ ابن سعد نے اس کی صراحت کی ہے۔ جیسے وفد بنی سلامان، کے بارے میں راوی، محمد بن یحیٰ بن سہیل بن ابو حشمہ کا بیان ہے۔''وجدت فی کتب ابی حبیب بن عمرہ السلامانی کان یحدث ، اسی طرح وفد بنی عذرہ کے بارے میں ابو عمرو بن حریث عذری کا بیان ہے۔

وجدت فی کتاب آبائی قالوا: قدم علی رسول اللہ ﷺ فی صفر سنۃ تسع و فدنا اثنا عشر رجلاً فی صفر سنۃ تسع وقدنا اثنا عشر رجلاً ،الطبقات الکبریٰ ، ۱/۳۳۱، ۳۳۲

۶۔ تفصیل کے لیے دیکھیے ، وفد وائل بن حجر، ابن کثیر، البدایۃ ۷۹/۵

۷۔ ان قبائل کو رملۃ بنت الحارث کے گھر ٹھہرایا جاتا ۔ بعض اوقات مسجد نبوی میں بھی وفود ٹھہرتے تھے۔ اور بعض کو صحابہ کرام خاندانی و قبائلی تعلق کی بنا پر اپنے ہاں ٹھہراتے تھے، لیکن عموماً وفود مذکورہ صحابیہ کے گھر ہی ٹھہرتے۔ جیسا کہ آپ ؐ نے وفد سلاماں کے بارے میں فرمایا : انـزل هـؤلاء الوفد حيث ينزل الوفود ۔ ابن سعد /۳۳۲

۸۔ مقریزی ۔(متوفی ۸۴۵ھ) نے اپنی کتاب" الامتاع الاسماع" میں وضاحت کی ہے کہ آپؐ خوبصورت لباس پہنتے تھے۔

وكـان صـلـى الـلـه عـلـيـه وسـلـم اذا قـدم الـوفـود لبس أحسن ثيابه وأمر اصحابه بذلك ، امتاع الاسماع، دار الكتب العلميه بيروت ۱۹۹۹ء

امام صالح شامی لکھتے ہیں ۔ ثـوب رسـول الـلـه عـلـيه وسلم الذى كان يخرج فيه للوفود حضرمي طوله أربعة اذرع وعرضه ذراعان وشبر. (سبل الهدیٰ والرشاد ، ج ۶، ص ۲۵۹)

۹۔ مثلاً جب وائل بن حجر آپ ؐ کے پاس آئے تو ان کے لیے اپنی چادر بچھا دی ( ابن سعد/۵۲/۲)

۱۰۔ کتانی الفاسی الترتیب الادرلیۃ ، رباط ، ۱۳۴۶ھ، ۴۵۱/۱)

۱۱۔ بنی سلیم کے ایک فرد" غاوی بن عبد العزیٰ " کا نام بدل کر" راشد بن عبدرب " رکھا ، ابن سعد ۳۰۷/۱) کے قبیلہ جہینہ کے ایک شخص عبد العزیٰ بن بدر کا نام عبد اللہ بن بدر رکھا۔ (ابن سعد/۳۰۸/۱)

۱۲۔ ( ابن سعد ، الطبقات الکبریٰ ، ۲۱۸/۱)

۱۳۔ (البخاری ، کتاب الجہاد ، ۴۴۹/۱و ابو دوؤد ، کتاب الخراج والفئے ۴۲۱/۲)

۱۴۔ یمن کے قحطانی قبائل کی نسل سے بنو ازد کی مختلف شاخیں وجود میں آئیں۔ ان میں ازد شنؤۃ، ازد السراۃ، ازد عمان، ازد جرش مشہور ہیں ان کو ازد یمن بھی کہتے ہیں۔ یہ بطون اطراف یمن، عمان اور بحرین میں آباد ہوئے (بلاذری، فتوح البلدان:۷۶)۔ زرقانی (م ۱۱۲۲ھ) الـمـواهـب اللدنية بالمنح الـمـحـمـديـة ، بیروت ۱۹۹۶ ج ۵، ص ۲۲۶ ان کی تفصیل بیان کی ہے ، اہل وفد نے زمانہ جاہلیت کے اپنے اوصاف بیان کرتے ہوئے کہا ۔

الشكر عند الرخاء

والصبر عند البلاء

والرضاء بمر القضاء

والصدق فی مواطن اللقاء

وترک الشماتة بالأعداء

آپؐ نے ان کی یہ باتیں سنی تو فرمایا :

حکماء علماء کادوا من فقههم أن یکونوا انبیاء ' ابن کثیر ، بدایۃ والنھایۃ ، ج ۵، ص ۹۵ ، میں اس وفد کی تفصیل بیان ہوئی ہے۔

۱۵۔ بنو حارث بن کعب یمن کے علاقہ نجران میں اقامت گزیں تھے، یہ ایک جنگجو قبیلہ تھا، جس زمانے میں آفتاب رسالتؐ کوہِ فاران کی چوٹیوں سے طلوع ہوا، اس قبیلے کی شجاعت اور کامرانیوں کی سارے عرب میں دھوم مچی ہوئی تھی (طالب ہاشمی، وفودِ عرب بارگاہ نبویؐ میں، ص ۲۱۹)۔ وفد کے قائد حضرت قیس بن الحصین تھے، جب یہ وفد واپس جا رہا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم انصاری کو وفد کے ساتھ اہل قبیلہ پر محصّل اور معلم بنا کر روانہ فرمایا اور انہیں ایک تحریری فرمان عطا فرمایا جس میں فرائض، حدود اور شریعت کے احکام درج ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آپؐ نے اس فرمان میں دعوتی و تربیتی اصولوں کی بھی نشاندہی فرمائی، تفصیل کے لیے دیکھیے: ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ ۹۸/۵۔ ابن سعد ، الطبقات الکبریٰ ، ج۱، ص۳۳۹، وابن ہشام ج ۴، ص ۲۶۴

۱۶۔ بخاری ، کتاب الایمان ، باب اداء الخمس من الایمان ، مسلم کتاب الایمان ، باب الامر بالایمان باللہ تعالیٰ ، نیز تفصیل کے لیے دیکھیے ، طبقات ابن سعد۱/ ۳۱۵، زرقانی ، ۱۳۳/۵ اصابة فی تمیز الصحابه ۱۷۸/۲ سبل الھدیٰ والرشاد ۳۶۸/۶

قبیلہ 'عبدالقیس بحرین کا رہنے والا تھا۔ یہ لوگ سعید الفطرت تھے اور فتح مکہ سے بہت پہلے دعوت اسلام قبول کر چکے تھے۔ یہ دو مرتبہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے پہلی مرتبہ ان کے وفد میں تیرہ آدمی تھے ۔اور دوسری مرتبہ بیس(۲۰) (بقول ابن سعدؒ) زرقانی نے ''شرح مواہب '' میں نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ نے ایک دن فرمایا کہ ابھی تمہارے پاس کچھ لوگ آرہے ہیں ۔جو اہل مشرق میں سب سے بہتر ہیں 'اہل وفد نے جب حضور ﷺ کو دیکھا تو اپنا سامان وہیں چھوڑ کر دیوانہ وار حضور ﷺ کی طرف لپکے اور آپؐ کے دست مبارکہ چومنے لگے۔تاہم اس وفد کے سردار 'مندر بن عائذ معروف بہ اشج نہایت بردبار اور زیرک تھے ۔انہوں نے اپنے گرد آلود لباس میں آپؐ کی خدمت

حاضر ہونا مناسب نہ سمجھا ۔انہوں نے پہلے سفر کے کپڑے اتارے اور دوسرا صاف ستھرا لباس پہنا اور پھر نہایت اطمینانی کے ساتھ حاضر ہوئے اور دست مبارک کو بوسہ دیا۔

۱۷۔ بنی ہُجیم مشہور عدنانی قبیلے بنو تمیم کا ایک بطن تھے، یہ لوگ اضلاع نجد میں آباد تھے۔ ابوجُری جابر بن سُلَیم نے اپنی آمد اور حضورؐ سے اپنی گفتگو کی تفصیلات بیان کی ہیں، اس کو ابوداؤد کے علاوہ امام ترمذی (حدیث نمبر۲۶۴۵) اور امام احمد(حدیث نمبر ۱۷-۱۵-۱۹۷) نے بیان کیا ہے۔ ابو داؤد، کتاب اللباس ، باب ما جاء فی إسبال الإزار، رقم حدیث ۳۵۶۲۔

۱۸۔ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ان کو یہ تعلیم دینا چاہتے تھے کہ کسی حلال چیز کو اپنے اوپر حرام نہیں کر لینا چاہیے۔

یہ دو افراد،قیس بن سلمہ بن شراحیل ،اور سلمہ بن یزدبن مشجعہ ،آپس میں ماں جائے بھائی تھے۔ایمان لانے کے بعد انہوں نے حضورؐ سے دریافت کیا کہ ہماری ماں،غریبوں کو کھانا کہلاتی،مسکینوں پر رحم کرتی ،اور قیدیوں کو چھوڑاتی تھی۔اس نے اپنی زندگی میں اپنی چھوٹی بیٹی کو زندہ دفن کر دیا تھا۔اس کا کیا حال ہے حضورؐ نے فرمایا ''زندہ درگور کرنے والی دوزخ میں ہے۔''

اس سے ان کی رگ جہالت بھڑک اٹھی ۔اور دونوں ناراض ہو کر چل دیئے اور کہنے لگے ہم ان کا اتباع نہیں کریں گے۔گویا دونوں مرتد ہوگئے ۔راستہ میں ایک صحابی کو پکڑ کر باندھ دیا اور صدقہ کے اونٹ لے کر بھاگ گئے۔حضورؐ کو اطلاع ملی تو آپؐ نے دونوں پر لعنت بھیجی(ابن سعد ،الطبقات ۳۶۴/۱)

۱۹۔ ابن الاثیر ، اسد الغابۃ ، ۴۰۲/۴ بذیل قُرہ بن ھبیرۃ

ابن حجر ( م۸۵۲) الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ احیاء التراث العربی ،

بیروت ۔ ۱۳۲۸ھ ، ج ۲۳۴/۳ بذیل قُرہ

۲۰۔ زرقانی ، ج ۱۵۸/۵، امام زرقانی فرماتے ہیں کہ :

وکان من اعظمھم خلقاً، واحسنھم وجھاً وشعراً ۔

حضورؐ نے ان سے نام پوچھا ،انہوں نے عرض کیا''زید الخیل'' آپؐ نے فرمایا نہیں تم ''زید الخیر'' ہو (ابن سعد ،الطبقات ۳۲۱/۱

۲۱۔ سبل الھدیٰ والرشاد ،۳۵۸/۶ وابونعیم ، الحلیۃ الاولیاء، ۱۰۹/۴،

الہیثمی ، مجمع الزوائد ، ۱۹۷/۷۔

۲۲۔ ابن سعد ، الطبقات الکبریٰ ۔ ۳۲۱/۱

۲۳۔ حضر موت بلادِ عرب میں یمن کے مشرق میں ایک وسیع علاقہ ہے جس کی تمام جنوبی سرحد پر سمندر ہے۔ اس کے جنوب مشرق کی سمت میں مہرہ کا علاقہ ہے۔ علامہ ابن حزم کے بیان کے مطابق حضر موت کا نام حضر موت بن قحطان کے نام سے ماخوذ ہے۔ (ابن حزم: الجمہرۃ انسابِ العرب، ص ۴۶۳)۔ تفصیل کے لیے دیکھیے ، سبل الھدیٰ والرشاد ۴۳۱/۶

۲۴۔ بنو تُجیب کا تعلق قبیلہ کِندہ سے تھا۔ یہ حضر موت کے وسط میں الکسر میں رہتے تھے۔ بعض کتابوں میں اس قبیلے کا نام تُجیب بھی بتایا گیا ہے۔ سبل الھدیٰ والرشاد، ۲۱۵/۴ ، ابن سعد ۳۲۳/۱

۲۵۔ حم السجدہ ، ۴۱

۲۶۔ ابن سعد۳۰۶/۱، بلاذری ، انساب الاشراف ۵۳۱/۱، سبل الھدیٰ والرشاد ۲۷۳/۶

۲۷۔ بخاری، **کتاب العلم ، باب القرأة والعرض علی المحدث ، مسلم کتاب الایمان باب السوال عن ارکان الاسلام**

مسلم میں ضمام بن ثعلبہ کے نام ذکرنہیں ہوا، **رجل من اھل البادیة** کہا گیاہے۔ ابن ہشام ۲۴/۴۔
ابن سعد۲۹۹/۱، **الاصابة فی تمیز الصحابه** ۲۱۱/۲۔